Martin House
children's hospice

صدمہ سے متعلق تعاون

Martin House
children's hospice

مارٹن ہاؤس مریض خانہ برائے اطفال، Grove Road, Clifford, Wetherby LS23 6TX
ٹیلیفون: 01937 845045 **ویب:** www.martinhouse.org.uk

رفاہی ادارہ نمبر 517919
ایک کمپنی جو ضمانت کے ذریعہ محدود، انگلینڈ اور ویلز میں رجسٹرڈ ہے نمبر 2016332
VAT رجسٹریشن نمبر 67 5694 686

گروپ برائے اطفال

کسی بھائی یا بہن کی موت کے بعد بچوں کا غم اکثر خود کو ان کے والدین اور دیگر بالغان کے غم سے مختلف انداز میں ظاہر کرتا ہے۔ ان کے پاس اپنے احساسات کو ظاہر کرنے کے لئے ہمیشہ الفاظ نہیں ہوتے اور وہ اکثر اپنے غم میں 'ڈوبتے' اور اس سے باہر نکلتے ہیں۔

ہم تسلیم کرتے ہیں کہ والدین کے لئے مارٹن ہاؤس میں واپس آنا اور اپنے بچوں کو ہمارے پاس چھوڑنا، خواہ تھوڑی ہی دیر کے لئے ہو، بہت مشکل ہو سکتا ہے اور ہم سمجھتے ہیں کہ یہ کچھ دردناک اور تکلیف دہ احساسات کو بھڑکا سکتا ہے۔ ہمارے تجربہ سے ہمیں پتہ چلا ہے کہ ان دیگر بچوں کے ساتھ جن کے بھائی یا بہن فوت ہوئے ہیں ایک محفوظ اور معاون ماحول میں رہنے کا موقع پانا بچوں کے لئے بہت معاون ہو سکتا ہے۔

sMARTINies گروپ

یہ گروپ 4 سے 14 سال کی عمر کے ان بچوں کے لئے ہے جنہیں حال ہی میں کسی عزیز کی موت کا صدمہ پہنچا ہے۔

یہ گروپ سال میں چار بار مارٹن ہاؤس کے سیمینار روم میں منعقد کیا جاتا ہے، یا تو ہفتہ کے دن یا اسکولی چھٹیوں کے دنوں میں۔

اس دن کا مرکز توجہ ایک ساتھ تفریح کرنا، متعدد سرگرمیوں اور کھیلوں سے لطف اندوز ہونا ہے۔ ان کے بھائی یا بہن کی موت کو تسلیم کیا جاتا ہے اور کسی بھی بات چیت کا محرک بچے ہوتے ہیں۔

وہ بچے جو sMARTINies گروپ میں شرکت کرتے ہیں عام طور پر اس اگلے گروپ، Time4Us2، کے واسطہ سے تعاون وصول کرنا جاری رکھتے ہیں، جو اگلے نو مہینوں میں انجام پاتا ہے۔

Time4Us2

یہ گروپ ان بچوں کے لئے ہے جو کم سے کم چھ مہینے سے کسی عزیز کی موت کا صدمہ برداشت کر رہے ہیں۔

سال بھر میں چھ میٹنگوں کا ایک سلسلہ ہوتا ہے، جو مارٹن ہاؤس کے سیمینار روم میں، اکتوبر/نومبر اور جون کے درمیان ہفتہ کے دن منعقد کی جاتی ہیں۔

اچھی طرح منصوبہ بند کی گئی بہت سی سرگرمیوں کے واسطہ سے بچوں کو اپنے بھائی یا بہن کی موت کے بعد محفوظ طریقہ سے اپنے خیالات اور احساسات ظاہر کرنے اور سمجھنے کا موقع فراہم کیا جاتا ہے۔ وہاں تفریح کرنے کے بہت سے مواقع پائے جاتے ہیں۔

آپ کے بچہ کی وفات کے بعد، مارٹن ہاؤس میں ہم آپ اور آپ کے خاندان کو جاری تعاون پیش کرنے کے تئیں عہد بند ہیں۔ یہ تعاون مختلف طریقوں سے پیش کیا جاتا ہے۔

آپ کے کسی عزیز کی موت کے بعد ابتدائی چند ہفتوں کے دوران آپ کے رابطہ کے گروپ کا کوئی فرد یا نگہداشت ٹیم کا کوئی دیگر فرد ٹیلیفون کے ذریعہ مسلسل آپ کے رابطہ میں رہے گا۔

ہمارے پاس ایک چھوٹی سی بریومنٹ ٹیم ہے جس کے پاس آپ کو تعاون پیش کرنے کے لئے وقف کردہ وقت ہے۔ بریومنٹ ٹیم کا کوئی فرد آپ کے بچہ کی موت کے 4 سے 6 ہفتے بعد خود کو اور بریومنٹ سپورٹ کی ان آپشنز کو متعارف کرانے کے لئے آپ کو ٹیلیفون کرے گا جو خاندان کے لئے دستیاب ہیں۔

اس کتابچہ کا مقصد ان مختلف طریقوں کے بارے میں ایک مختصر سا خلاصہ پیش کرنا ہے جن طریقوں سے تعاون پیش کیا جاتا ہے۔

> میں رشتہ داروں سے بھرے ایک کمرے میں ہو سکتا ہوں اور پھر بھی تنہا اور ایسا محسوس کر سکتا ہوں جیسے میرے پاس بات کرنے کے لئے کوئی نہ ہو۔ میں آپ کو کچھ بھی بتا سکتا ہوں اور یہ بہت معاون چیز ہے۔
>
> ایک ملاقات کے دوران صدمہ پہنچے ہوئے ایک والد/والدہ کے ذریعہ کیا گیا تبصرہ

صدمہ سے متعلق تعاون

کسی بریومنٹ وزیٹر کی طرف سے والدین کے لئے انفرادی تعاون کے علاوہ، ہم بھائی بہنوں، والدین اور گرینڈ-پیرینٹ کے لئے بھی معاون گروپ پیش کرتے ہیں۔ بڑے بھائی بہنوں سے تعاون اس طرح کیا جاتا ہے جو ان کی انفرادی ضروریات کے مطابق ہو۔ ہم یاد گاری کے لئے ایک سالانہ دن منعقد کرتے ہیں۔

بریومنٹ وزیٹر

ہر خاندان کو کسی ایسے بریومنٹ وزیٹر کی خدمات پیش کی جاتی ہیں جو سننے اور تعاون دینے کے لئے تربیت یافتہ ہوتا ہے لیکن وہ صلاح کار نہیں ہوتا ہے۔ بریومنٹ وزیٹر، نگہداشت ٹیم اور بریومنٹ ٹیم دونوں میں کام کرتا ہے۔ والدین کو گھر پر ملاقاتوں یا ٹیلیفون کالوں یا دونوں کے مجموعہ کے ذریعہ تعاون پیش کیا جاتا ہے۔ رابطہ 4 سے 6 ہفتے کی بنیاد پر ہوتا ہے لیکن ہم انفرادی خاندانوں کی ضروریات پوری کرنے کے لئے لچک کا مظاہرہ کرنے کی کوشش کرتے ہیں۔

صدمہ پہنچے ہوئے والد/والدہ کا گروپ

یہ ایسے کسی بھی والد/والدہ کا گروپ ہے جو کم سے کم چھ مہینے سے کسی عزیز کی موت کا صدمہ برداشت کر رہے ہیں۔ یہ گروپ غیر رسمی اور معاون ہیں، جن میں مارٹن ہاؤس کی نگہداشت ٹیم کے تجربہ کار افراد کے ذریعہ آسانی پیدا کی جاتی ہے۔

سال میں چھ میٹنگوں کا ایک سلسلہ ہوتا ہے، جو مارٹن ہاؤس کے قریب ایک گاؤں کے ہال میں، اکتوبر/نومبر اور جون کے درمیان ہفتہ کے دن منعقد کی جاتی ہیں۔ صدمہ پہنچے ہوئے بھائی بہنوں کے لئے Time4Us2 کے گروپ انہیں تاریخوں میں انجام پاتے ہیں (تفصیلات کے لئے پشت پر دیکھیں)۔

گرینڈ-پیرینٹ کا دن

ہم ان منفرد دشواریوں کو تسلیم کرتے ہیں جن کا سامنا صدمہ پہنچے ہوئے گرینڈ-پیرینٹ (بزرگ لوگ) کرتے ہیں۔ سال میں ایک بار، موسم بہار میں، ہم ان لوگوں کے لئے مارٹن ہاؤس میں ایک خاص دن کا اہتمام کرتے ہیں تاکہ وہ اپنے تجربات بانٹنے کے لئے ایک ساتھ بیٹھیں اور اپنے پوتے یا پوتی / نواسے یا نواسی کی موت کے بعد تعاون حاصل کریں۔

یاد گاری دن

ہر سال اکتوبر میں مارٹن ہاؤس میں ہم یاد گاری کا ایک خاص دن مناتے ہیں جس میں ہم ان خاندانوں کو دعوت دیتے ہیں جنہیں گذشتہ دو سالوں میں کسی عزیز کی موت کا صدمہ پہنچا ہو۔ صبح کے اوقات میں ہم ایک مختصر سی سروس کا اہتمام کرتے ہیں جو خاندانوں کو باہم اور مارٹن ہاؤس کے عملہ کے ساتھ غور کرنے اور یاد کرنے کے لئے ایک خاص وقت فراہم کرتی ہے۔ ایک لذیذ بفے لنچ کے بعد بات کرنے اور ہاؤس، لاج اور باغات میں دوبارہ جانے کے مواقع ہوتے ہیں۔ بچوں کے لئے ایک دار الاطفال ہے اور کھیلوں کا انتظام کیا جاتا ہے۔

> جب ہم گروپوں میں آئے تو یہ جان کر یقینا مدد ملی کہ وہاں ایسے والدین تھے جنہوں نے کسی بچہ کی موت کا سامنا کیا تھا۔ وہ ایسے لوگ تھے جو یقینا سمجھتے تھے کہ یہ کیسا لگتا تھا، اس لئے میرے کچھ خیالات اور ہمارے احساسات بانٹنا قابل اطمینان لگا تھا۔
>
> صدمہ پہنچے ہوئے والدین کے ذریعہ کیا گیا تبصرہ